MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# 2017

# میپکو میگ ملتان



**خالد مسعود خان**

میپکو کے نئے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز



وزیر مملکت برائے پانی و بجلی
کی میڈیا سے گفتگو




بہاولنگر میں کسٹمر سروسز سنٹر کا افتتاح

## میپکو... خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

# 2017

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

### JANUARY — ربیع الثانی/ جمادی الاول

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 ۲ | 2 ۳ | 3 ۴ | 4 ۵ | 5 ۶ | 6 ۷ | 7 ۸ |
| 8 ۹ | 9 ۱۰ | 10 ۱۱ | 11 ۱۲ | 12 ۱۳ | 13 ۱۴ | 14 ۱۵ |
| 15 ۱۶ | 16 ۱۷ | 17 ۱۸ | 18 ۱۹ | 19 ۲۰ | 20 ۲۱ | 21 ۲۲ |
| 22 ۲۳ | 23 ۲۴ | 24 ۲۵ | 25 ۲۶ | 26 ۲۷ | 27 ۲۸ | 28 ۲۹ |
| 29 ۳۰ | 30 ۱ | 31 ۲ | | | | |

### FEBRUARY — جمادی الاول/جمادی الثانی

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 ۳ | 2 ۴ | 3 ۵ | 4 ۶ |
| 5 ۷ | 6 ۸ | 7 ۹ | 8 ۱۰ | 9 ۱۱ | 10 ۱۲ | 11 ۱۳ |
| 12 ۱۴ | 13 ۱۵ | 14 ۱۶ | 15 ۱۷ | 16 ۱۸ | 17 ۱۹ | 18 ۲۰ |
| 19 ۲۱ | 20 ۲۲ | 21 ۲۳ | 22 ۲۴ | 23 ۲۵ | 24 ۲۶ | 25 ۲۷ |
| 26 ۲۸ | 27 ۲۹ | 28 ۱ | | | | |

### MARCH — جمادی الثانی/رجب

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 ۲ | 2 ۳ | 3 ۴ | 4 ۵ |
| 5 ۶ | 6 ۷ | 7 ۸ | 8 ۹ | 9 ۱۰ | 10 ۱۱ | 11 ۱۲ |
| 12 ۱۳ | 13 ۱۴ | 14 ۱۵ | 15 ۱۶ | 16 ۱۷ | 17 ۱۸ | 18 ۱۹ |
| 19 ۲۰ | 20 ۲۱ | 21 ۲۲ | 22 ۲۳ | 23 ۲۴ | 24 ۲۵ | 25 ۲۶ |
| 26 ۲۷ | 27 ۲۸ | 28 ۲۹ | 29 ۳۰ | 30 ۱ | 31 ۲ | |

### APRIL — رجب/شعبان

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 30 ۳ | | | | | | 1 ۳ |
| 2 ۴ | 3 ۵ | 4 ۶ | 5 ۷ | 6 ۸ | 7 ۹ | 8 ۱۰ |
| 9 ۱۱ | 10 ۱۲ | 11 ۱۳ | 12 ۱۴ | 13 ۱۵ | 14 ۱۶ | 15 ۱۷ |
| 16 ۱۸ | 17 ۱۹ | 18 ۲۰ | 19 ۲۱ | 20 ۲۲ | 21 ۲۳ | 22 ۲۴ |
| 23 ۲۵ | 24 ۲۶ | 25 ۲۷ | 26 ۲۸ | 27 ۲۹ | 28 ۱ | 29 ۲ |

### MAY — شعبان/رمضان

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 ۴ | 2 ۵ | 3 ۶ | 4 ۷ | 5 ۸ | 6 ۹ |
| 7 ۱۰ | 8 ۱۱ | 9 ۱۲ | 10 ۱۳ | 11 ۱۴ | 12 ۱۵ | 13 ۱۶ |
| 14 ۱۷ | 15 ۱۸ | 16 ۱۹ | 17 ۲۰ | 18 ۲۱ | 19 ۲۲ | 20 ۲۳ |
| 21 ۲۴ | 22 ۲۵ | 23 ۲۶ | 24 ۲۷ | 25 ۲۸ | 26 ۲۹ | 27 ۱ |
| 28 ۲ | 29 ۳ | 30 ۴ | 31 ۵ | | | |

### JUNE — رمضان/شوال

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 ۶ | 2 ۷ | 3 ۸ |
| 4 ۹ | 5 ۱۰ | 6 ۱۱ | 7 ۱۲ | 8 ۱۳ | 9 ۱۴ | 10 ۱۵ |
| 11 ۱۶ | 12 ۱۷ | 13 ۱۸ | 14 ۱۹ | 15 ۲۰ | 16 ۲۱ | 17 ۲۲ |
| 18 ۲۳ | 19 ۲۴ | 20 ۲۵ | 21 ۲۶ | 22 ۲۷ | 23 ۲۸ | 24 ۲۹ |
| 25 ۳۰ | 26 ۱ | 27 ۲ | 28 ۳ | 29 ۴ | 30 ۵ | |

### JULY — شوال/ذیقعد

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 30 ۶ | 31 ۷ | | | | | 1 ۶ |
| 2 ۷ | 3 ۸ | 4 ۹ | 5 ۱۰ | 6 ۱۱ | 7 ۱۲ | 8 ۱۳ |
| 9 ۱۴ | 10 ۱۵ | 11 ۱۶ | 12 ۱۷ | 13 ۱۸ | 14 ۱۹ | 15 ۲۰ |
| 16 ۲۱ | 17 ۲۲ | 18 ۲۳ | 19 ۲۴ | 20 ۲۵ | 21 ۲۶ | 22 ۲۷ |
| 23 ۲۸ | 24 ۲۹ | 25 ۱ | 26 ۲ | 27 ۳ | 28 ۴ | 29 ۵ |

### AUGUST — ذیقعد/ذی الحج

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 ۸ | 2 ۹ | 3 ۱۰ | 4 ۱۱ | 5 ۱۲ |
| 6 ۱۳ | 7 ۱۴ | 8 ۱۵ | 9 ۱۶ | 10 ۱۷ | 11 ۱۸ | 12 ۱۹ |
| 13 ۲۰ | 14 ۲۱ | 15 ۲۲ | 16 ۲۳ | 17 ۲۴ | 18 ۲۵ | 19 ۲۶ |
| 20 ۲۷ | 21 ۲۸ | 22 ۲۹ | 23 ۱ | 24 ۲ | 25 ۳ | 26 ۴ |
| 27 ۵ | 28 ۶ | 29 ۷ | 30 ۸ | 31 ۹ | | |

### SEPTEMBER — ذی الحج/محرم

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 ۱۰ | 2 ۱۱ |
| 3 ۱۲ | 4 ۱۳ | 5 ۱۴ | 6 ۱۵ | 7 ۱۶ | 8 ۱۷ | 9 ۱۸ |
| 10 ۱۹ | 11 ۲۰ | 12 ۲۱ | 13 ۲۲ | 14 ۲۳ | 15 ۲۴ | 16 ۲۵ |
| 17 ۲۶ | 18 ۲۷ | 19 ۲۸ | 20 ۲۹ | 21 ۳۰ | 22 ۱ | 23 ۲ |
| 24 ۳ | 25 ۴ | 26 ۵ | 27 ۶ | 28 ۷ | 29 ۸ | 30 ۹ |

### OCTOBER — محرم/صفر

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 ۱۰ | 2 ۱۱ | 3 ۱۲ | 4 ۱۳ | 5 ۱۴ | 6 ۱۵ | 7 ۱۶ |
| 8 ۱۷ | 9 ۱۸ | 10 ۱۹ | 11 ۲۰ | 12 ۲۱ | 13 ۲۲ | 14 ۲۳ |
| 15 ۲۴ | 16 ۲۵ | 17 ۲۶ | 18 ۲۷ | 19 ۲۸ | 20 ۲۹ | 21 ۱ |
| 22 ۲ | 23 ۳ | 24 ۴ | 25 ۵ | 26 ۶ | 27 ۷ | 28 ۸ |
| 29 ۹ | 30 ۱۰ | 31 ۱۱ | | | | |

### NOVEMBER — صفر/ربیع الاول

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 ۱۲ | 2 ۱۳ | 3 ۱۴ | 4 ۱۵ |
| 5 ۱۶ | 6 ۱۷ | 7 ۱۸ | 8 ۱۹ | 9 ۲۰ | 10 ۲۱ | 11 ۲۲ |
| 12 ۲۳ | 13 ۲۴ | 14 ۲۵ | 15 ۲۶ | 16 ۲۷ | 17 ۲۸ | 18 ۲۹ |
| 19 ۳۰ | 20 ۱ | 21 ۲ | 22 ۳ | 23 ۴ | 24 ۵ | 25 ۶ |
| 26 ۷ | 27 ۸ | 28 ۹ | 29 ۱۰ | 30 ۱۱ | | |

### DECEMBER — ربیع الاول/ربیع الثانی

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 ۱۲ | | | | | 1 ۱۲ | 2 ۱۳ |
| 3 ۱۴ | 4 ۱۵ | 5 ۱۶ | 6 ۱۷ | 7 ۱۸ | 8 ۱۹ | 9 ۲۰ |
| 10 ۲۱ | 11 ۲۲ | 12 ۲۳ | 13 ۲۴ | 14 ۲۵ | 15 ۲۶ | 16 ۲۷ |
| 17 ۲۸ | 18 ۲۹ | 19 ۳۰ | 20 ۱ | 21 ۲ | 22 ۳ | 23 ۴ |
| 24 ۵ | 25 ۶ | 26 ۷ | 27 ۸ | 28 ۹ | 29 ۱۰ | 30 ۱۱ |

# میپکو میگ ملتان

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

مدیر اعلیٰ: محمد نعیم اللہ
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن



مدیر: جمشید عالم نیازی
ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز



جلد نمبر 08 | شمارہ 01 | جنوری 2017ء | کل صفحات 18


## عرضِ مدیر

# میپکو کے ڈسٹری بیوشن سسٹم کی اپ گریڈیشن

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) وزارت پانی وبجلی کی ہدایات پر تیزی سے اپنا تقسیمی وترسیلی نظام اپ گریڈ کر رہی ہے تا کہ سسٹم کی خامیوں کو دور کیا جاسکے اور صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین کی رہنمائی میں اس ضمن میں ایک جامع پروگرام ترتیب دیا گیا ہے جس کے تحت نئے گرڈ اسٹیشنز تعمیر کئے جارہے ہیں۔ پرانے گرڈ اسٹیشنز کی استعداد کو نئے پاور ٹرانسفارمرز نصب کر کے بڑھایا جارہا ہے جہاں ٹرانسمیشن لائنز اوورلوڈ ہیں وہاں نئی لائنز بچھائی جارہی ہیں۔ اسی طرح 11KV فیڈرز پر بھرپور توجہ دی جارہی ہے۔ اس پروگرام کے تحت ہر سب ڈویژن کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے فیڈرز کی مکمل مانیٹرنگ کر کے ان کی پروپوزلز بنائیں جہاں ضروری ہو وہاں نیا کنڈکٹر لگایا جائے، فیڈرز کی بائفرکیشن کی جائے اور ان کا لوڈ بیلنس کیا جائے تا کہ فیڈرز اوورلوڈ نہ ہوں اور صارفین کو پورے وولٹیج کے ساتھ بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ اوورلوڈنگ کے باعث ہونے والی ٹرپنگ سے جہاں میپکو کے سسٹم کو نقصان پہنچا ہے وہاں صارفین کی بھی بجلی مصنوعات کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہوتا ہے جس سے بچاؤ کے لئے فیڈرز کے لوڈ کی تقسیم کی جارہی ہے۔ اسی طرح تمام سب ڈویژنوں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ رواں موسم سرما میں درختوں کی کٹائی اور کھمبوں کی تبدیلی کے تمام منصوبے مکمل کئے جائیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے ریجن بھر میں ٹو فیز پر چلنے والے تمام ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی تبدیلی کی ہدایات جاری کی ہیں جس کے تحت ٹرانسفارمرز کی تبدیلی شروع کردی گئی ہے۔ میپکو نے ان تمام منصوبوں کے لئے میٹریل کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔

یہ تمام اقدامات نہایت خوش آئند ہیں اور یقیناً ان کی تکمیل سے نہ صرف صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات ملیں گی بلکہ ہمارے سٹاف کو بھی ریلیف ملے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ محکمہ کی جانب سے شروع کئے گئے ان منصوبوں کو ان کی اصل روح کے مطابق مکمل کیا جائے کہ یہ تمام اقدامات جہاں صارفین کو ریلیف فراہم کریں گے وہاں ہمارے لائن سٹاف کو بھی فیلڈ میں آنے والی مشکلات کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوں گے اور ان سے لائن لاسز میں بھی کمی ہو سکے گی۔

## اس شمارے میں


وزیر مملکت برائے پانی وبجلی کی میڈیا سے گفتگو 2
وزیر مملکت برائے پانی وبجلی کی زیر صدارت ممبران قومی اسمبلی کا اجلاس 3
اجلاس میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز 5
بہاولنگر سرکل میں نئے کسٹمر سروسز سنٹر کا افتتاح اور میپکو چیف کا دورہ بہاولنگر سرکل 6
اجلاس ری سٹرکچرنگ 7
میپکو بریفنگ 8
تقریب تقسیم انعامات 9
ایس ایز کانفرنس 10
بریفنگ ایڈیشنل ڈی جی انفارمیشن سسٹم 11
تقریب تقسیم اسناد 12
میپکو چیف کا دورہ ملتان سرکل 13
عشائیہ ای آر پی 14
ریٹائرمنٹ تقریب 15
ایس ای ملتان سرکل دورہ گلگشت سب ڈویژن بجلی چوروں کے خلاف آپریشن 16
اجلاس لیگل کمیٹی 17
مضمون (توبہ واستغفار) 18



فوٹوگرافی: جواد احمد
ڈیزائننگ: ریحان محمود قادری
پرنٹر: ایس حیدر پرنٹرز ملتان
ویب ایڈیشن: خرم جاوید



www.mepco.com.pk
For Con: 061-9220062
MEPCO TODAY
For Feedback:
dmprmepco@gmail.com



شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

# ملک میں سستی بجلی کے لئے ہائیڈل اور نیوکلیئر ذرائع پر سرمایہ کاری کریں گے

عابد شیر علی
وزیر مملکت برائے پانی و بجلی

## چشمہ پاور پلانٹ سے 340 میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل ہوگئی ہے۔

### ڈسکوز کے ڈسٹری بیوشن نظام کو ہنگامی بنیادوں پر اپ گریڈ کر رہے ہیں۔ ملتان میں میڈیا سے گفتگو

وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے کہا ہے کہ ملک سے لوڈشیڈنگ کے مستقل خاتمے کے لئے بجلی کے تقسیمی اور ترسیلی نظام کو بہتر بنایا جارہا ہے اس مقصد کے لئے اربوں روپے کی سرمایہ کاری کی گئی ہے جس سے سسٹم میں طویل عرصے سے ہونے والی خرابیاں دور کی جارہی ہیں۔ حکومت کے روشن پاکستان پروگرام کے تحت بجلی بحران کے خاتمہ کے لئے ہر ماہ نئی پیدا ہونے والی بجلی سسٹم میں شامل ہوگی۔ وزیر اعظم پاکستان نواز شریف کے اعلان کے مطابق ہم مارچ 2018ء میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کردیں گے۔ ملک بھر میں سسٹم اپ گریڈیشن کا کام 80 فیصد مکمل ہوچکا ہے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں میڈیا سے گفتگو کررہے تھے۔ ممبر قومی اسمبلی محمد خان ڈاہا اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان نواز شریف نے دیامیر بھاشا ڈیم کی تعمیر آئندہ سال شروع کرنیکا اعلان کردیا ہے۔ یہ منصوبہ پی ایس ڈی پی کے تحت مکمل کیا جائیگا۔ داسو ڈیم پر بھی ورلڈ بینک کے مالی تعاون سے آئندہ سال کام شروع ہوجائیگا۔ 1320 میگاواٹ کے ساہیوال کول پاور پلانٹ اور 1320 میگاواٹ کے پورٹ قاسم کول پاور پلانٹ 28 ماہ کی قلیل مدت میں مکمل ہوں گے۔ 3600 میگاواٹ کے بکھی، بلوکی اور حویلی بہادر شاہ کے آر ایل این جی پاور پلانٹ بھی تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے 969 میگاواٹ اور تربیلا ڈیم فورتھ (توسیعی) منصوبے سے 1410 میگاواٹ بجلی آئندہ سال سسٹم میں شامل کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مارچ 2018ء کے بعد ملک میں وافر مقدار میں بجلی ہوگی۔ پانی، گیس اور کوئلہ سے بجلی کی پیداوار کے منصوبوں پر کام جاری ہے جس سے کاسٹ آف جنریشن کم ہوگی اور ملک کی 22 کروڑ سے زائد عوام کو فائدہ ہوگا۔ ہم نے مستقبل میں بجلی کی ضروریات پوری کرنے کے لئے پلان بنایا ہے جس پر طلب کے حساب سے کام جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں ترقی کے لئے شروع ہونے والے منصوبے شفافیت کے حامل ہیں۔ مخالفین کے پاس کوئی ثبوت اور دلیل نہیں ہے۔ حکومت کے ترقیاتی منصوبے شروع ہوگئے ہیں تو انجینئرز کی مانگ بڑھ رہی ہے، بیروزگاری میں کمی آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن میں سسٹم کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے لئے گزشتہ سالوں میں 10 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی ہے اور رواں مالی سال 17-2016ء کے دوران بھی ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹم پر 10 ارب روپے سے زائد رقم خرچ کریں گے۔ ملتان سمیت جنوبی پنجاب میں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کے لئے گرڈ اسٹیشنوں میں 20/26 ایم وی اے کے پاور ٹرانسفارمرز کی جگہ 40 ایم وی اے کے پاور ٹرانسفارمرز لگائے گئے ہیں۔ ٹرانسمیشن لائنوں پر ہونے والے فالٹ دور کرنے کے لئے تیزی سے کام جاری ہے اور مارچ 2017ء تک میپکو ریجن میں ٹرانسمیشن لائنوں اور گرڈ اسٹیشنوں کی اپ گریڈیشن کے تمام منصوبے مکمل ہوجائیں گے۔



وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی میپکو ہیڈ کوارٹر میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں۔
ممبر قومی اسمبلی محمد خان ڈاہا اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین بھی ہمراہ ہیں۔

بقیہ صفحہ نمبر 11

# اراکین اسمبلی کی گرانٹ سے جاری منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے

**عابد شیر علی**
وزیر مملکت برائے پانی و بجلی

اراکین اسمبلی کو ان کے حلقے میں ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کی کارکردگی سے مسلسل آگاہ کیا جائے۔
ملتان، خانیوال، رحیم یار خان، ساہیوال سے تعلق رکھنے والے اراکین قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب

## میپکو پوری تندہی سے منصوبوں کی تکمیل کر رہی ہے۔ انجینئر مسعود صلاح الدین چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے میپکو انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ اراکین اسمبلی کی گرانٹ سے جاری منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور ترقیاتی کاموں کے مراحل کے بارے میں اراکین کو باخبر رکھا جائے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں جنوبی پنجاب سے تعلق رکھنے والے ممبران قومی اسمبلی سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن میں ترقیاتی منصوبے تیزی سے جاری ہیں۔ گرڈ سٹیشنوں کی اپ گریڈیشن، فیڈرز کی بائفرکیشن اور لوٹینشن سکیموں کے منصوبوں کے لئے اربوں روپے کے فنڈز دیئے گئے ہیں۔ مکمل ہونے والے منصوبوں سے جنوبی پنجاب کے بیشتر کم وولٹیج والے علاقوں میں وولٹیج کی صورتحال بہتر ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع میں ممبران قومی اسمبلی کی فنڈنگ سے لوٹینشن سکیموں، ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن پر کام ہو رہا ہے۔ ملتان شہر کے تین گرڈ اسٹیشنوں کی اپ گریڈیشن کی گئی ہے جس سے تمام کیٹگریز کے صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی ممکن ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر قابل برداشت نہیں۔ متعلقہ شعبے جاری منصوبے کی تکمیل کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں تا کہ آئندہ موسم گرما میں صارفین کو مشکلات کا



وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین جنوبی پنجاب سے تعلق رکھنے والے ممبران قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

سامنا نہ کرنا پڑے۔ افسران ممبران قومی اسمبلی سے رابطے میں رہیں اور انہیں مسائل سے آگاہ کریں۔ ڈیڈ ڈیفالٹرز سے واجبات وصول کرنے کے لئے ان کی مدد لیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میپکو ریجن میں ترقیاتی منصوبے جلد مکمل کر لیں گے۔ صارفین کی شکایات کے ازالے کے لئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ رواں مالی سال 17-2016ء میں 10 ارب روپے سے زائد لاگت سے ترقیاتی منصوبے مکمل ہوں گے۔ نئے فیڈرز کی تعمیر و تنصیب، زیادہ لوڈ والے فیڈرز کی بائفرکیشن، لوٹینشن سکیموں اور ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن کی جا رہی ہے جبکہ ریجن میں 40 گرڈ اسٹیشنوں میں پہلے سے موجود پاور ٹرانسفارمرز کی جگہ اس سے زیادہ استعداد کے حامل پاور ٹرانسفارمرز نصب کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رواں مالی سال 17-2016ء کے دوران ریکوری کی شرح 100 فیصد سے زائد رہی ہے جبکہ لائن لاسز کی شرح میں بھی 0.3 فیصد کمی کی گئی ہے۔ 2 لاکھ 9 ہزار سے زائد بجلی چوروں کو 53 کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے جس میں سے 30 کروڑ روپے سے زائد رقم وصول بھی کی گئی ہے۔ ملتان، خانیوال، رحیم یار خان، ساہیوال سے تعلق

رکھنے والے ممبران قومی اسمبلی نے اس موقع پر کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام ہو رہا ہے لیکن ان کی رفتار کم ہے۔ ہم عوامی نمائندے ہیں۔ میپکو افسران متعلقہ علاقوں میں کام کرواتے ہوئے ہمیں بتائیں تاکہ ہم اپنے علاقے کے لوگوں کو آگاہ کریں کہ ان کے علاقے میں اتنے بڑے بڑے ترقیاتی منصوبے مکمل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو مسعود صلاح الدین ایک قابل افسر ہیں انہوں نے چارج سنبھالتے ہی اپنی تمام تر توجہ مسائل کے حل پر مرکوز کر رکھی ہے ان کی کارکردگی قابل تعریف ہے۔ اگر میپکو اس طرح کام کرتی رہے تو مسائل پیدا ہی نہ ہوں۔ ایم این اے غفار ڈوگر نے مخدوم رشید سب ڈویژن کا دفتر مخدوم رشید میں منتقل کرنے، جہانیاں، کبیر والہ اور خانیوال میں ایک نئی سب ڈویژن کے قیام کا مطالبہ کیا جس پر وزیر مملکت نے فوری طور پر ایک کمیٹی تشکیل دینے کی منظوری دی جو نئے سب ڈویژن کے قیام اور مخدوم رشید سب ڈویژن کے دفتر کی منتقلی کے بارے میں رپورٹ مرتب کرے گی۔ ایم این اے رانا قاسم نون کے صاحبزادے نے شجاع آباد، جلال پور پیر والہ میں سٹاف کی کمی، ہائی لاس فیڈرز پر لوڈشیڈنگ کے ہونے، ایم این اے ڈی جی خان حافظ عبدالکریم نے سخی سرور میں ہائی لاس فیڈرز پر زیادہ لوڈشیڈنگ ہونے اور بجلی چوروں کے خلاف آپریشن کرنے، ایم این اے ثقلین بخاری، رانا زاہد حسین، میاں امتیاز احمد، چوہدری منیر اظہر، چوہدری محمد اشرف، علی حسن گیلانی اور صاحبزادہ فیض الحسن نے اپنے اپنے حلقوں کے مسائل سے آگاہ کیا جن کے حل کے لئے وزیر مملکت پانی و بجلی عابد شیر علی نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو مسعود صلاح الدین کو فوری طور پر مسائل کے حل کے لئے ہدایات جاری کیں۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر آپریشن سرفراز احمد ہراج، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر پلاننگ سرفراز احمد خان، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل میاں ندیم احمد، سٹاف آفیسر ٹو منسٹر فدا حسین، ڈائریکٹر کمرشل میاں رحمت اللہ، منیجر ایم اینڈ ایس اقبال شیخ، پبلک ریلیشن آفیسر ٹو منسٹر محمد اسماعیل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# نئے انجینئرز کی صلاحیتوں کی کمپنی کو اشد ضرورت ہے

**محمد نعیم اللہ**
ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو

## ریجنل ٹریننگ سینٹر ملتان میں نئے بھرتی ہونے والے ایس ڈی اوز کے تربیتی کورس کے اختتام پر تقریب تقسیم اسناد سے خطاب

ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا ہے کہ نئے انجینئرز کی صلاحیتوں کی کمپنی کو اشد ضرورت ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ یہ انجینئرز نئی ٹیکنالوجی اور تحقیق کی مدد سے میپکو کی ترقی میں کردار ادا کریں گے۔ وہ ریجنل ٹریننگ سینٹر ملتان میں نئے بھرتی ہونے والے ایس ڈی اوز کے تربیتی کورس کے اختتام پر تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں منیجر پرکیورمنٹ ظفر حسین بھٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی، پرنسپل آر ٹی سی خواجہ حفیظ اللہ، انسٹرکٹرز

بقیہ صفحہ نمبر 09



ڈی جی ایچ آر نعیم اللہ کا ریجنل ٹریننگ سنٹر میں تربیت مکمل کرنے والے ایس ڈی اوز کے ہمراہ گروپ فوٹو

# ممبر بورڈ خالد مسعود خان کو متفقہ طور پر بورڈ کا نیا چیئرمین منتخب کر لیا گیا

## سابق چیئرمین بورڈ راجن سلطان پیرزادہ کی خدمات کو سراہا گیا

**بورڈ صارفین اور ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات اٹھاتا رہے گا۔ خالد مسعود خان چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز**

**خالد مسعود خان کی رہنمائی میں میپکو انتظامیہ بھرپور انداز میں بورڈ کی پالیسیوں پر عمل کرے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین**

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ممبر بورڈ خالد مسعود خان کو متفقہ طور پر بورڈ کا نیا چیئرمین منتخب کر لیا ہے۔ میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ بورڈ کے اجلاس میں ممبران خواجہ محمد اعظم، زاہد پرویز مڑل، میاں شاہد اقبال، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین اور بذریعہ وڈیو لنک اسد رحمان گیلانی، محمد انور شیخ اور ظفر عباس نے شرکت کی۔ میاں شاہد اقبال نے خالد مسعود خان کو بورڈ کا نیا چیئرمین بنانے کی تجویز پیش کی جسے تمام ممبران نے متفقہ طور پر منظور کر لیا۔ اس موقع پر خالد مسعود خان نے تمام ممبران کا ان پر اظہار اعتماد پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ تمام ممبران کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ بورڈ صارفین اور



چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر خالد مسعود خان کی سربراہی میں اجلاس جاری ہے۔

ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات اٹھاتا رہے گا۔ ممبران بورڈ نے انھیں مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ ان کی قیادت میں بورڈ مزید بہتر پالیسی سازی کرے گا جس سے میپکو کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے کہا کہ خالد مسعود خان وژنری انسان ہیں ان کی رہنمائی میں میپکو انتظامیہ بھرپور انداز میں بورڈ کی پالیسیوں پر عمل کرے گی۔ اجلاس میں سابق چیئرمین بورڈ راجن سلطان پیرزادہ کی خدمات کو سراہا گیا۔ خالد مسعود خان نے کہا کہ انہوں نے بورڈ کے معاملات کو مثبت انداز میں چلایا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ راجن سلطان پیرزادہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

شعبہ تعلقات عامہ میپکو نے سوشل میڈیا استعمال کرنے والے افراد کے لئے فیس بک پر "میپکو ٹوڈے" (MEPCO TODAY) کے نام سے Page بنایا ہے جس پر میپکو کی سرگرمیاں اور خبریں شیئر کی جاتی ہیں۔ تمام ڈسکوز میں میپکو پہلی کمپنی ہے جس نے کمپنی کی Out Reach میں اضافے کے لئے سوشل میڈیا کو کامیابی سے استعمال کیا ہے۔ قارئین https://www.facebook.com/MEPCO-Today-438586292886479/?ref=bookmarks کے لنک کے ذریعے اس Page تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس Page کی بدولت میپکو کی مثبت سرگرمیوں سے فیس بک استعمال کرنے والے افراد بخوبی باخبر رہ سکتے ہیں۔ facebook

# سب ڈویژن اپنے فیڈرز سے بجلی کی بلاتعطّل فراہمی اور شکایات کے ازالہ کی ذمہ دار ہے

**انجینئر مسعود صلاح الدین**
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

**کمپنی وسائل فراہم کررہی ہے اپنے فیڈرز کی بحالی کے لئے منصوبے مکمّل کریں۔** سرفراز احمد ہراج چیف انجینئر آپریشن

**بہاولنگر میں ڈسٹری بیوشن سسٹم کی اپ گریڈیشن کے کئی منصوبے زیر تکمیل ہیں۔** شاہد حمید چوہان چیف انجینئر ڈویلپمنٹ

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ سب ڈویژن کی سطح پر ڈسٹری بیوشن سسٹم کی دیکھ بھال وقت کی ضرورت ہے۔ سب ڈویژن اپنے فیڈرز سے بجلی کی بلاتعطّل فراہمی کی ذمہ دار ہے۔ وہ بہاولنگر میں فرسٹ سب ڈویژن کے دورہ کے موقع پر سٹاف سے خطاب کرر ہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سب ڈویژن ہمارا بنیادی یونٹ ہے اور صارفین کا براہ راست رابطہ اسی دفتر سے ہوتا ہے۔ صارفین کی شکایات کا فوری ازالہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کسی بھی کام کو کرتے وقت اپنی حفاظت کا خاص خیال رکھیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ سیفٹی آلات کی کمی نہیں ہے۔ ملازمین ہر اس کام سے انکار کردیں جہاں ان کی جان کو خطرہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ میپکو انتظامیہ سٹاف کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھارہی ہے۔ ایس ڈی او فرسٹ سب ڈویژن بہاولنگر شفیق میو نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو سب ڈویژن کے بارے میں بریفنگ دی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے تخت محل فیڈر کے لئے 20 کلومیٹر نیا کنڈکٹر دینے کی ہدایت کی اور 2 فیڈرز کی بائی فرکیشن کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ جنوری میں تمام خراب میٹرز تبدیل ہوجانے چاہئے۔ میٹر وافر مقدار میں دیئے جا چکے ہیں انہیں فوری تبدیل کیا جائے۔ میپکو




چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین فرسٹ سب ڈویژن بہاولنگر کے دورے کے موقع پر ریکارڈ چیک کررہے ہیں
دوسری جانب میپکو ملازمین سے خطاب کررہے ہیں۔

ٹو فیز پر چلنے والے تمام ٹرانسفارمرز تبدیل کررہی ہے۔ فوری طور پر بہاولنگر میں جلنے والے ٹو فیز ٹرانسفارمرز تبدیل کروائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرز کی دیکھ بھال میں کوتاہی نہ برتی جائے۔ بجلی چوری پکڑنے کی شرح کم ہے اس پر توجہ دیں۔ ایس ڈی او بڑے کنکشنز پر خود ریڈنگ لینے جائیں۔ ایڈوانس اور ڈرافٹ پیرے پر کام کریں اور انہیں ختم کروائیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ٹرانسفارمرز کا آئل پورا کرنے کے لئے فوری طور پر سٹورز میں تیل فراہم کرنیکا حکم دیا۔ انہوں نے ایکسین ایم اینڈ ٹی بہاولنگر سرکل کو ہدایت کی کہ سیزنل کنکشنز چیک کرکے رپورٹ فراہم کی جائے۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے فیلڈ میں جاکر ٹرانسفارمرز کی درست تنصیب کا جائزہ لیا۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے نئے شکایت سنٹر کا افتتاح کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ میپکو صارفین کو بہترین خدمات مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ شکایات کے فوری ازالے کے لئے کسٹمر سروسز سنٹرز کو فعال اور پُرسہولت بنایا جارہا ہے۔ یہ بات انہوں نے میپکو بہاولنگر کمپلیکس میں نئے کسٹمر سروسز سنٹر کے افتتاح کے موقع پر کہی۔ انہوں نے افتتاحی تختی کی نقاب کشائی کی اور دُعا مانگی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شکایات کا فوری ازالہ فیلڈ سٹاف کی پہلی ذمہ داری ہے۔ ہمیں اپنے صارفین کو اپنی خدمات سے مطمئن کرنا ہوگا۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ڈونگہ بونگہ میں نئے 132KV گرڈ سٹیشن کے تعمیراتی کام کا جائزہ






چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین بہاولنگر کمپلیکس میں نئے کسٹمر سروسز سنٹر کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں دوسری جانب سے 132KV ڈونگہ بونگہ گرڈ اسٹیشن کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان اور چیف انجینئر آپریشن سرفراز احمد ہراج بھی ہمراہ ہیں۔

لیا اس موقع پر چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو شاہد حمید چوہان نے بتایا کہ گرڈ اسٹیشن کے سول ورکس کا کام جاری ہے اور جلد ہی دیگر کام شروع کر دیئے جائیں گے جس سے علاقے کے لوگوں کو بجلی کی بہتر سپلائی ملنا شروع ہو جائے گی۔ اس موقع پر چیف انجینئر آپریشن سرفراز احمد ہراج، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولنگر سید جواد منصور، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عمر لودھی، سٹاف آفیسر کامران ظہور اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی بھی ہمراہ تھے۔

# صارفین کو مزید سہولیات کی فراہمی کے لئے ملازمین کی تعداد میں اضافہ ناگزیر ہے

**سرفراز احمد ہراج**
**چیف انجینئر آپریشن میپکو**

## کمپنی کی ری سٹرکچرنگ انتہائی اہم منصوبہ ہے جس سے دور رس نتائج حاصل ہوں گے۔

چیف انجینئر آپریشن میپکو سرفراز احمد ہراج نے کہا ہے کہ صارفین کی بڑھتی ہوئی تعداد اور سٹاف پر کام کا بوجھ بڑھنے کی وجہ سے ملازمین کی موجودہ یارڈ سٹک میں اضافہ ناگزیر ہے۔ میپکو انتظامیہ اس سلسلہ میں ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ وہ میپکو ہیڈکوارٹر میں ری سٹرکچرنگ کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کی تعداد 55 لاکھ کے قریب پہنچ گئی ہے ان صارفین کو بہتر اور اعلیٰ معیار کی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ مختلف شعبوں میں کام کا پریشر بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے موجودہ سٹاف پر زیادہ بوجھ ہے۔ ملازمین اور صارفین کی سہولیات کے لئے ملازمین کی تعداد 40 فیصد بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یارڈ سٹک پر نظر ثانی کی جا رہی ہے۔ اس ضمن میں میپکو نے ایک کنسلٹنٹ فرم ہائر کی ہے جو میپکو افسران کے ساتھ مل کر ورکنگ پیپر تیار کر رہی ہے۔ امید ہے کہ رواں مالی سال 2016-17ء کے اختتام تک ری سٹرکچرنگ کا عمل مکمل کر لیا جائیگا۔



چیف انجینئر آپریشن میپکو سرفراز احمد ہراج میپکو ہیڈکوارٹر میں ری سٹرکچرنگ کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی سربراہی کر رہے ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا کہ ملازمین کی مشکلات دور کرنے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں۔ میپکو انتظامیہ کے احکامات فوری طور پر ری سٹرکچرنگ کر رہے ہیں تا کہ ملازمین اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور ان پر کام کا بوجھ نہ ڈل سکے۔ اجلاس میں چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، منیجر انٹرنل آڈٹ اصغر ہاشمی، منیجر میٹریل مینجمنٹ صدیق اللہ خان، ڈپٹی منیجر ایچ آر ایم وقاص چغتائی، ڈپٹی منیجر ٹی اینڈ ایم پی میاں محمد سہیل افضل اور دیگر افسران موجود تھے۔

# رواں مالی سال کے دوران میپکو نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے

**میپکو کی ریکوری کی شرح 100 فیصد اوراووربلنگ کی شکایات ختم ہوگئی ہیں۔ محمود احمد خان چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو**

**2 لاکھ 34 ہزار بجلی چوروں کے خلاف کاروائی کی گئی اور 65 کروڑ روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا۔ میاں رحمت اللہ ڈائریکٹر کمرشل**

**5 ماہ میں ایک لاکھ 24 ہزار سے زائد نئے کنکشنز فراہم کئے گئے۔**



محمود احمد خان چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے رواں مالی سال 16-2015ء کے دوران پرائیویٹ اور سرکاری صارفین سے بلنگ کی مد میں 67 ارب 23 کروڑ 11 لاکھ 70 ہزار روپے وصول کئے ہیں جس سے ریکوری کی شرح 100 فیصد سے زائد رہی ہے۔ میپکو ریجن کے گھریلو صارفین سے 64 ارب 42 کروڑ 67 لاکھ روپے وصولیوں کے ہمراہ ریکوری کی شرح 102.13 فیصد اور سرکاری اداروں سے 2 ارب 80 کروڑ 44 لاکھ روپے وصولیوں کے ساتھ ریکوری کی شرح 78.41 فیصد رہی ہے۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو محمود احمد خان اور ڈائریکٹر کمرشل میاں رحمت اللہ نے بتایا کہ میپکو ریجن میں اوور بلنگ کی شکایات کا تقریباً خاتمہ ہوگیا ہے۔ میپکو انتظامیہ کی جانب سے مسلسل مانیٹرنگ اور آپریشن افسران وملازمین کی محنت سے امیج آڈٹ رپورٹ کے مطابق نومبر 2016ء میں بجلی بلوں پر میٹر ریڈنگ کی تصاویر کی شرح 94.29 فیصد رہی ہے۔ ملتان سرکل میں 95.51 فیصد، ڈی جی خان سرکل میں 90.18 فیصد، وہاڑی سرکل میں 96.28 فیصد، بہاولپور سرکل میں 95.22 فیصد، ساہیوال سرکل میں 96.09 فیصد، رحیم یار خان سرکل میں 86.71 فیصد، مظفرگڑھ سرکل میں 94.66 فیصد، بہاولنگر سرکل میں 94.90 فیصد اور خانیوال سرکل میں میٹر ریڈنگ کی بلوں پر تصاویر کی شرح 96.37 فیصد رہی۔ میپکو کے زیرانتظام 9 آپریشن سرکلوں میں 40 ہزار 152 زرعی ٹیوب ویل صارفین سے 74 کروڑ 69 لاکھ 10 ہزار روپے وصولیاں کی گئیں۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز نے بتایا کہ رواں مالی سال 17-2016ء کے دوران ریجن بھر میں 2 لاکھ 34 ہزار 860 بجلی چوروں کو پکڑا۔ مجموعی طور پر 65 کروڑ 75 لاکھ 60 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جس میں سے 43 کروڑ 41 لاکھ روپے سے زائد رقم وصول کرکے محکمہ کے خزانے میں جمع کروائی گئی۔ جولائی تا نومبر 2016ء کے دورانئے میں ملتان سرکل میں 11 ہزار 759 بجلی چوروں کو 10 کروڑ 37 لاکھ 80 ہزار روپے، ڈی جی خان سرکل میں 13 ہزار 349 صارفین کو 12 کروڑ 3 لاکھ 90 ہزار روپے، وہاڑی سرکل میں 6 ہزار 188 بجلی چوروں کو 3 کروڑ 90 لاکھ 30 ہزار روپے، بہاولپور سرکل میں 13 ہزار 412 بجلی چوروں کو 5 کروڑ 23 لاکھ 60 ہزار روپے، ساہیوال سرکل میں 5 ہزار 170 صارفین کو 4 کروڑ 64 لاکھ 80 ہزار روپے، رحیم یار خان سرکل میں 45 ہزار 939 بجلی چوروں کو 5 کروڑ 66 لاکھ 70 ہزار روپے، مظفرگڑھ سرکل میں 60 ہزار 578 صارفین کو 13 کروڑ 63 لاکھ 80 ہزار روپے، بہاولنگر سرکل میں 68 ہزار 475 بجلی چوروں کو 4 کروڑ 24 لاکھ 20 ہزار روپے اور خانیوال سرکل میں 9 ہزار 990 بجلی چوروں کو 6 کروڑ روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا۔ محمود احمد خان نے بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران ریجن بھر میں ایک لاکھ 24 ہزار 499 نئے کنکشنز فراہم کئے گئے ہیں جس میں ایک لاکھ 16 ہزار 521 گھریلو، 6 ہزار 956 کمرشل، 509 صنعتی، 465 ٹیوب ویل اور 48 دیگر کنکشنز شامل ہیں۔ صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے اور نئے کنکشنز کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کے لئے رواں مالی سال کے دوران مختلف استعداد کار کے 1398 نئے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز نصب کئے گئے ہیں ان میں 10 کے وی اے کے 7، 15 کے وی اے کے 8، 25 کے وی اے کے 833، 50 کے وی اے کے 304، 100 کے وی اے کے 87، 200 کے وی اے کے 121، 400 کے وی اے کے 25 اور 630 کے وی اے کے 13 ٹرانسفارمرز شامل ہیں۔



میاں رحمت اللہ ڈائریکٹر کمرشل

# ملازمین محکمہ کا سرمایہ ہیں ان کو ہر سطح پر پوری سپورٹ کریں گے

**انجینئر مسعود صلاح الدین**
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

## کمپنی کی جانب سے دی گئی عزت وحوصلہ افزائی ہمارے لئے تمغہ امتیاز کی حیثیت رکھتی ہے۔ ملازمین آپریشن ڈویژن خانیوال

خانیوال میں قانون شکن افراد کے ہاتھوں زخمی ہونے والے میپکو ملازمین نے کہا ہے کہ میپکو نے ہماری خدمات کا اعتراف کر کےئے دل جیت لئے ہیں۔ کمپنی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ انتظامیہ نے ہمارے دکھ درد میں شریک ہوکر ہماری عزت افزائی کی ہے جو قابل فخر بات ہے۔ کمپنی انتظامیہ کی جانب سے دیئے گئے سرٹیفکیٹس ہمارے لئے تمغہ امتیاز کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ دنوں خانیوال میں ڈیفالٹرز کے تشدد سے زخمی ہونے والے میپکو ملازمین نے انتظامیہ کی جانب سے اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب تقسیم اعزازات میں کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے خانیوال میں ریکوری کے دوران تشدد کا شکار ہونے والے میپکو ملازمین اور افسران میں تعریفی سرٹیفکیٹس اور کیش ایوارڈ تقسیم کئے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ملازمین محکمہ کا سرمایہ ہیں ان کے



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین خانیوال میں ڈیفالٹرز کے تشدد سے زخمی ہونے والے ملازمین میں سرٹیفکیٹ اور کیش انعامات تقسیم کر رہے ہیں

ساتھ کوئی زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ میں اور انتظامیہ کا ہر افسر اپنے ملازمین کو ہر سطح پر سپورٹ کریں گے۔ بجلی چور اور ڈیفالٹرز ملک وقوم کے مجرم ہیں ان کے خلاف آئندہ بھی کاروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ایک واقعہ ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتا۔ ہر صورت ڈیفالٹرز سے واجبات اور بقایا جات وصول کریں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ایگزیکٹو انجینئر آپریشن میپکو ڈویژن خانیوال ملک محمد اشفاق، قائمقام ایس ڈی او خانیوال امیر عباس، لائن سپریٹنڈنٹ فرسٹ نوید عالم، لائن سپریٹنڈنٹ سیکنڈ حافظ لیاقت، لائن مین فرسٹ محمد اشرف، لائن مین فرسٹ محمد اشفاق، اسسٹنٹ لائن مین عبدالواحد اور سینئر کلرک محسن علی میں کیش انعامات اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر آپریشن سرفراز احمد ہراج، چیف انجینئر پلاننگ سرفراز احمد خان اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

---

بقیہ صفحہ نمبر 04 عبدالغفور اور محمد عبداللہ نے شرکت کی۔ محمد نعیم اللہ نے کہا کہ ان انجینئرز کو مزید تربیت کے لئے فیصل آباد اور اسلام آباد بھجوایا جائے گا۔ ہمیں توقع ہے کہ ان آفیسرز کے فیلڈ میں جانے سے یقینی طور پر مثبت تبدیلی آئے گی۔ بعد ازاں ٹریننگ مکمل کرنے والے ایس ڈی اوز امیر نواب، عطاالرحمان، عون رضا، علی ضیا، محمد سعید، یاسر حیات، آصف علی، فیصل محمود، زبیر علی، منیر اختر، فیصل صدیق، امجد نعیم، عبد الرحمان، اسرار احمد، علی شفیق، طلحہ محمود، فرحان احمد، محمد شہباز، محمد عمران، عمیر لطیف، ارسلان احمد، نبیل احمد اور عمران خان میں اسناد تقسیم کی گئیں۔

# فیلڈ افسران بجلی چوری کے خلاف مسلسل اور سخت کاروائی کریں

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

## بجلی، ملک اور ایماندار صارفین کا قیمتی اثاثہ ہے اور ہم اس کے رکھوالے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ میپکو قومی مفاد میں بجلی چوروں کے خلاف مہم چلا رہی ہے۔ بجلی ملک اور ایماندار صارفین کا قیمتی اثاثہ ہے اور ہم اس کے رکھوالے ہیں۔ بجلی چوروں سے آہنی ہاتھ سے نمٹ رہے ہیں۔ میپکو اپنے ڈسٹری بیوشن سسٹم کی استعداد اپنے صارفین کی ضروریات کے مطابق بڑھا رہی ہے جس سے وولٹیج کی کمی اور اوور لوڈنگ کا خاتمہ ہو جائیگا۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں سپرینٹنڈنگ انجینئرز کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے سپرینٹنڈنگ انجینئرز کو ہدایت کی کہ ڈسٹری بیوشن سسٹم کی بحالی اور استعداد میں اضافے کے منصوبے جلد از جلد مکمل کئے جائیں تا کہ آئندہ موسم گرما میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ سرکاری نادہندہ اداروں اور پرائیویٹ صارفین سے واجبات کی وصولی کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں اور عدم ادائیگی پر سخت کاروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ لائن لاسز میں کمی کی جائے اس سلسلہ میں ایکسین اور ایس ڈی اوز خود فیلڈ میں نکلیں۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین میپکو ہیڈ کوارٹر میں ایس ایز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بازاروں، مارکیٹوں، شاپنگ سنٹرز، پلازوں اور بڑے صارفین کے کنکشنز کی چیکنگ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سٹاف کی کمی کا مسئلہ بھی دور کر رہے ہیں۔ ایس ایز اپنے سرکلوں کے زیر انتظام ڈویژنوں اور سب ڈویژنوں کی کارکردگی کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کریں۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان نے اس موقع پر کہا کہ سیکرٹری وزارت پانی و بجلی نے آئندہ ماہ لائن لاسز اور ریکوری کے اہداف حاصل نہ کرنے والے افسران کے خلاف کاروائی کا عندیہ دیا ہے۔ ہمیں ماہانہ اور ششماہی کارکردگی کو ہر صورت بنانا ہوگا۔ ہر افسر اور ملازم اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور نا اہل، کام چور ملازمین کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ایچ آر محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر آپریشن سرفراز احمد ہراج، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر پلاننگ کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آئی ایس میاں ندیم احمد، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن غیاث محمود، ڈائریکٹر کمرشل میاں رحمت اللہ، منیجر ایم اینڈ ٹی عباس لاشاری اور محمد یعقوب، 9 آپریشن سرکلوں کے سپرینٹنڈنگ انجینئرز، ڈپٹی کمرشل منیجرز اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# اوور بلنگ کی شکایات کے خاتمہ کے لئے ایک اور اہم قدم

## عوام کی سہولت کے لئے بجلی بلوں پر میٹر ریڈرز کے نام اور ان کے رابطہ نمبرز کی اشاعت شروع کردی گئی

### ابتدائی طور پر 5 کلوواٹ سے زائد لوڈ رکھنے والے صارفین کے بلوں پر یہ معلومات فراہم کی جائیں گی۔

**میاں ندیم احمد** ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میپکو



**میاں ندیم احمد**
ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل
انفارمیشن سسٹم میپکو

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے عوام کی سہولت کے لئے بجلی بلوں پر میٹر ریڈرز کے نام اور ان کے رابطہ نمبرز شائع کرنا شروع کر دیئے ہیں۔ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میپکو میاں ندیم احمد نے بتایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ان اقدامات کے باعث میپکو ریجن سے اوور بلنگ کی شکایات کا مکمل خاتمہ ہوگیا ہے۔صارفین بجلی بلوں اور تصاویر پر میٹر ریڈنگ میں فرق آنے پر صارفین متعلقہ آپریشن سب ڈویژن سے رابطہ کریں تا کہ زیادہ ریڈنگ ڈالنے والے میٹر ریڈر کے خلاف محکمانہ کاروائی کی جاسکے۔اس سے قبل بجلی بلوں پر صارفین کے استعمال شدہ ماہانہ یونٹس کی درست تصاویر شائع کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن کے 5 کلوواٹ سے زائد لوڈ کے کمرشل صارفین کے بلوں پر ریڈنگ کی تصاویر شائع کرنیکا فیصلہ کیا گیا ہے جس پر رواں ماہ دسمبر سے عملدرآمد ہو جائیگا جبکہ 9 آپریشن سرکلوں میں ایسے زرعی ٹیوب ویل اور صنعتی صارفین جن کے اے ایم آر میٹرز نہیں ہیں ان کی بھی میٹر ریڈنگ کی تصاویر بلوں پر شائع کرنیکا سلسلہ شروع کردیا ہے۔صارفین کی سہولت کے لئے جنوری 2017ء سے میپکو ویب سائٹ www.mepco.com.pk سے جاری ہونے والے ڈوپلیکیٹ بلوں پر بھی میٹر ریڈنگ کی تصاویر شائع کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ نومبر 2016ء میں میپکو ریجن میں صارفین کے میٹروں کی درست ریڈنگ کی تصاویر کی شرح 97 فیصد سے زائد رہی ہے۔میپکو ملتان سرکل کے زیر انتظام سب ڈویژنوں میں میٹروں کی درست ریڈنگ کی تصاویر کی شرح 97.10 فیصد رہی ہے جس پر ملتان سرکل نے میٹرز کی درست ریڈنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے جبکہ ڈی جی خان سرکل میں شرح 89.55 فیصد، وہاڑی سرکل میں 96.43 فیصد، بہاولپور سرکل میں 95.50 فیصد، ساہیوال سرکل میں 97.09 فیصد، رحیم یار خان سرکل میں 91.26 فیصد، مظفرگڑھ سرکل میں 91.13 فیصد، بہاولنگر سرکل میں 95.87 فیصد اور خانیوال سرکل میں میٹر ریڈنگ کی تصاویر کی شرح 95.32 فیصد رہی ہے۔

بقیہ صفحہ نمبر 02 جس سے آئندہ موسم گرما میں کم وولٹیج کی شکایات کا خاتمہ ہو جائیگا۔انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن میں دیہاتوں میں بجلی کی فراہمی کے منصوبوں پر 2.69 ارب روپے، لوٹینشن سکیموں پر 2.1 ارب روپے خرچ کئے گئے ہیں۔میپکو ریجن کے کونے کونے میں بجلی پہنچانے کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں، جہاں تاریں لٹک رہی ہیں اور نیچی ہیں وہاں بھی لوٹینشن سکیمیں بنائی گئی ہیں تا کہ کرنٹ لگنے کے حادثات رونما نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ ہائی لاس فیڈرز پر نقصانات کی شرح کم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔بجلی چور ملک وقوم کے مجرم ہیں ان کے خلاف بڑے پیمانے پر کاروائیاں جاری ہیں۔

# نئے آنے والے انجینئرز جدید اسلوب استعمال کر کے کمپنی اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں

## انجینئر مسعود صلاح الدین چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

**کمپنی کی سطح پر ٹریننگ کا سلسلہ شروع کیا ہے جس سے انجینئرز کو فیلڈ میں مدد ملے گی۔**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ پاور سیکٹر میں نئے انجینئرز کو بہت اہم کردار ادا کرنا ہے۔ پاور سیکٹر کو درپیش مسائل کا حل نئی ٹیکنالوجی اور موجودہ وسائل کا بہتر انداز میں استعمال ہے۔ نئے آنے والے انجینئرز جدید اسلوب استعمال کر کے ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ وہ میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر میں نئے بھرتی ہونے والے جونیئر انجینئرز کی تربیت مکمل ہونے پر تقسیم اسناد کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ریجنل ٹریننگ سنٹر میں 28 جونیئر انجینئرز کے پہلے گروپ نے اپنی تربیت مکمل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ میں نوکری ملنا منزل نہیں ہے بلکہ منزل کی جانب پہلا قدم ہے۔ نئے بھرتی ہونے والے جونیئر انجینئرز کے لئے یہ سفر شروع ہو رہا ہے جہد مسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ میپکو کا ڈسٹری بیوشن اور ٹرانسمیشن نیٹ ورک تمام ڈسکوز سے طویل ہے۔ میپکو کے صارفین کی تعداد 55 لاکھ کے قریب پہنچ گئی ہے۔ میپکو ملتان سمیت جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع میں ساڑھے تین کروڑ شہریوں کو بجلی فراہم کر رہی ہے۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر پلاننگ سرفراز احمد خان اور چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان نے اس موقع پر کہا کہ رزق دینے والا اللہ تعالیٰ اور وسیلہ یہ محکمہ ہے لہٰذا وسیلے کے ساتھ بے ایمانی نہ کریں۔ جونیئر انجینئرز نے محکمہ کا نقصان نہیں ہونے دینا اور نہ کسی کے ساتھ زیادتی ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ نئے بھرتی ہونے والے جونیئر انجینئرز کو مبارکباد دیں کہ وہ اپنی ملازمت کا آغاز ملک کی سب سے بڑی بجلی کی تقسیم کار کمپنی سے کر رہے ہیں۔ کمپنی کو جونیئر انجینئرز سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں۔ تقریب میں سٹیج سیکرٹری کے فرائض ڈپٹی منیجر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی نے سرانجام دیئے۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین اور چیف انجینئرز نے تربیت مکمل کرنے والے جونیئر انجینئرز سید اسامہ علی ہمدانی، سلیمان عبدالحمید، محمد عمر فاروق، صلاح الدین، عمران فاروق، بہزاد علی، اطہر رسول، خان عالم، محمد یاسر، آشام احمد خان، ذوالفقار علی خاصخیلی، محمد عمران، ثاقب نواز خان، حافظ محمد اسماعیل سرور، اشفاق خان، صبغت اللہ، ضمیر بشیر، محمد اکرم، ہارون حفیظ، محمد یاسر، محمد اویس، جاوید اقبال، عبید اللہ، عمر احمد، حسن رضا، شفیق احمد اور حافظ علی حسن جاوید میں اسناد تقسیم کیں جبکہ منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، سٹاف آفیسر کامران ظہور اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نئے بھرتی ہونے والے جونیئر انجینئرز کی تربیت مکمل ہونے پر اسناد تقسیم کر رہے ہیں۔

# صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنا اور شکایات کا فوری ازالہ ہماری ذمہ داری ہے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

**ملتان سرکل کے زیر انتظام علاقوں میں موسم سرما میں سسٹم کی اپ گریڈیشن اور مرمتی کام ہر صورت مکمل کیا جائے۔**

**کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں ہم یہ منصوبے موسم گرما سے قبل ہی مکمل کر لیں گے۔ شاہد حمید چوہان چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو**

**بجلی چوروں کے خلاف چیکنگ ٹیمیں شعبہ ایم اینڈ ٹی کے ہمراہ کارروائیاں کر رہی ہیں۔ محمد اکرم بھٹی سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنا اور شکایات کا فوری ازالہ ہماری ذمہ داری ہے۔ شکایات سنٹرز کو جدید خطوط پر استوار کرنے سے شکایات میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ وہ میپکو ملتان سرکل کے دورے کے موقع پر افسران سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی محمد عمر لودھی، سٹاف آفیسر کامران ظہور اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل میپکو ملتان سرکل علی اکرم گجر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملتان سرکل کے زیر انتظام علاقوں میں موسم سرما میں سسٹم کی اپ گریڈیشن اور مرمتی کام ہر صورت مکمل کیا جائے تاکہ آئندہ موسم گرما میں صارفین کو کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ افسران سے روزانہ کی بنیاد پر کارکردگی کی رپورٹ طلب کریں تاکہ کمپنی کی جانب سے مقرر کئے گئے اہداف کا حصول ممکن ہو سکے۔ سرکل افسران سب ڈویژنوں اور ڈویژنوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے دورے کریں۔ کمپنی کی ترقی اور مفادات کے لئے کام کرنا سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی چوروں اور ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائی کے خاطر خواہ نتائج سامنے آئے ہیں۔ افسران بجلی چوروں اور واجبات ادا نہ کرنے والے صارفین کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو شاہد حمید چوہان نے اس موقع پر کہا کہ ملتان سمیت ریجن بھر میں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کے لئے نہ صرف نئے گرڈ اسٹیشنز بنائے جا رہے ہیں بلکہ پہلے سے موجود گرڈ اسٹیشنز میں نصب ہائی پاور ٹرانسفارمرز کی استعداد کار میں توسیع بھی جاری ہے۔ کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں ہم یہ منصوبے موسم گرما سے قبل ہی مکمل کر لیں گے۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی نے سرکل کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سرکل، ڈویژنل اور سب ڈویژنل دفاتر میں قائم شکایات سنٹرز کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں اور تین شفٹوں میں عملہ چوبیس گھنٹے خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ رواں مالی سال 17-2016ء کے دوران کمپنی کی جانب سے مقرر کردہ لائن لاسز اور ریکوری کے اہداف حاصل کر لئے ہیں۔ بجلی چوروں کے خلاف سرکل سرویلنس، ڈویژنل اور سب ڈویژنل چیکنگ ٹیمیں شعبہ ایم اینڈ ٹی کے ہمراہ کارروائیاں کر رہی ہیں جس کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین ملتان سرکل کے دورے کے موقع پر افسران سے گفتگو کر رہے ہیں۔
چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، ایس ای ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی اور پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عمر لودھی بھی موجود ہیں۔

# کارپوریٹ کلچر کی جدید ٹیکنیک اپنا کر کمپنی کی کارکردگی بہتر بنائی جاسکتی ہے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

## میٹریل مینجمنٹ ماڈیول میں محدود وقت میں ڈیٹا انٹری قابل تعریف ہے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ ہماری اولین ترجیح کارپوریٹ کلچر کی جدید ٹیکنالوجیز کو اپنا کر میپکو کی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے اور کمپنی کے ملازمین کو کام کرنے کا بہترین ماحول فراہم کرنا ہے۔ وہ ای آر پی ٹیم کی جانب سے منعقدہ عشائیہ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس پراجیکٹ پر کام کرنے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی کے لئے اضافی الاؤنسز بھی دیئے جائیں گے۔ ای آر پی سے منسلک ہر شخص کا مستقبل تابناک ہے۔ انہوں نے ای آر پی پراجیکٹ میٹریل مینجمنٹ ماڈیول کی کامیاب ڈیٹا انٹری کی تکمیل پر مبارکباد دی اور ای آر پی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ تقریب سے چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ سرفراز احمد خان، پراجیکٹ ڈائریکٹر ای آر پی امتیاز احمد جگری، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، منیجر پروکیورمنٹ میاں جاوید اقبال، ٹیم لیڈ ای آر پی خرم لیاقت اور دیگر افسران نے بھی خطاب کیا۔ ای آر پی سے منسلک کنٹریکٹ ملازمین نے میپکو کے ساتھ منصوبے پر کام کرنے کو اپنے لئے ایک اعزاز قرار دیا۔




چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، چیف انجینئر پلاننگ سرفراز احمد خان
ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد اور دیگر افسران کا ای آر پی ٹیم کے ہمراہ گروپ فوٹو

# میپکو میں محکمانہ احتساب کا عمل

## 1 ایکسین، 10 ایس ڈی اوز کو بوگس ریڈنگ کی تصاویر شائع کرنے پر ملازمت سے فارغ کر دیا گیا

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے صارفین کے بلوں پر بوگس ریڈنگ کی تصاویر شائع کرنے کا الزام ثابت ہونے پر 10 سب ڈویژنل افسران کو ملازمت سے برخاست کر دیا ہے۔ ان ایس ڈی اوز کو چند ماہ پہلے انہی الزامات کی بنیاد پر معطل کر کے انکوائری شروع کی گئی تھی اور انہیں میپکو ہیڈ کوارٹر اٹیچ کیا گیا تھا۔ انکوائری رپورٹ میں الزامات ثابت ہونے پر انہیں ملازمت سے برخاست کیا گیا ہے۔ چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ (پی اینڈ ای) میپکو کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان نے محکمانہ کیسز کا فیصلہ سناتے ہوئے پاکستان واپڈا ایمپلائز ای اینڈ ڈی رولز 1978ء کے تحت کاروائی کی ان افسران میں سابق ایس ڈی او فتح پور سب ڈویژن محمد شہزاد بشیر، ایس ڈی او سنانواں سب ڈویژن محمد سلیم خان، ایس ڈی او سیکنڈ سب ڈویژن کوٹ ادو رحمت اللہ، ایس ڈی او شاہ جمال سب ڈویژن منظور حسین سرانی، ایس ڈی او کروڑ لعل عیسن سب ڈویژن محمد سلیم اقبال، قائمقام ایس ڈی او قصبہ گجرات سب ڈویژن محمد اظہر جمال، ایس ڈی او چوک سرور شہید سب ڈویژن خان محمد، ایس ڈی او چوک اعظم سب ڈویژن انوار احمد خان، ایس ڈی او خان گڑھ سب ڈویژن محمد مظفر امین اور ایس ڈی او فرسٹ سب ڈویژن کوٹ ادو عبدالواحد شامل ہیں۔ اس سے قبل انہی الزامات کی بنیاد پر ایک ایگزیکٹو انجینئر کو بھی سزا دی جا چکی ہے جس میں ایکسین کوٹ ادو ڈویژن سردار خان کو محکمہ سے جبری ریٹائر کیا گیا ہے۔

# ریٹائر ہونے والے ملازمین ہمیشہ ہمارے لئے قابل عزت و احترام ہیں

**سرفراز احمد خان**
**چیف انجینئر پی اینڈ ای میپکو**

## میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ 94ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب

چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ (پی اینڈ ای) میپکو سرفراز احمد خان نے کہا ہے کہ میپکو واحد کمپنی ہے جو ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لئے پروقار تقاریب کا اہتمام کررہی ہے جس میں پنشن بکس اور واجبات کے چیک سمیت تحائف دیکر رخصت کیا جاتا ہے۔ وہ میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ 94ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ ایڈمن اور فنانس کے لئے اعزاز ہے کہ انہوں نے اعلیٰ اور اچھی روایات قائم کیں اور ملازمین کو 60 سالہ



چیف انجینئر پی اینڈ ای سرفراز احمد خان میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ 94ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

سروس پوری کرنے پر باعزت طریقے سے رخصت کرنے کے لئے ماہانہ تقاریب کا انعقاد کیا جارہا ہے اور مجھے امید ہے کہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہیگا۔ انہوں نے کہا کہ پنشن حاصل کرنا آج سے کچھ عرصہ قبل نہایت کٹھن امر تھا مگر اب ریٹائر ملازمین کو نہایت عزت و احترام سے پنشن دی جارہی ہے۔ ریٹائر ہونے والے ملازمین بعد میں بھی ہمارے لئے عزت و احترام کے قابل ہیں۔ میپکو انتظامیہ کے دروازے ان کے لئے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔ قبل ازیں ریٹائر ہونے والے 44 ملازمین میں واجبات کے چیک، پنشن بکس اور تحائف تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، ڈپٹی منیجر ایچ آر ایم وقاص چغتائی، اکاؤنٹس آفیسر فنانس فواد گیلانی، یونین رہنما مدثر بھٹی، سپرینٹنڈنٹ سمیع اللہ قریشی و دیگر نے شرکت کی۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے انجینئر سرفراز احمد ہراج کو چیف انجینئر آپریشن میپکو تعینات کردیا ہے انہوں نے سے اپنی ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کردیا ہے اس سے قبل وہ چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن میپکو کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ چیف انجینئر آپریشن میپکو سرفراز احمد ہراج کو پاور کنٹرول سنٹر (لوڈ مینجمنٹ)، ساہیوال، بہاولنگر، وہاڑی اور ڈی جی خان کے آپریشن سرکل، پراجیکٹ کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ، ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ ملتان، وہاڑی اور ساہیوال اور سول ورکس ڈویژن میپکو کی ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے انجینئر سرفراز احمد ہراج کو چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن میپکو کی اضافی ذمہ داریاں بھی سونپ دی ہیں۔

# ایکسین اپنی ڈویژن کے شکایات مراکز کی اچانک چیکنگ کریں

محمد اکرم بھٹی
سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل

## شکایات کنندہ سے موبائل رابطہ کر کے سروس کے معیار بارے معلومات لی جائیں۔

سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی نے کہا ہے کہ صارفین کی شکایات کا فوری اور بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے اس سلسلہ میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو گلگشت سب ڈویژن کے شکایت سنٹر کے اچانک دورے کے موقع پر کیا۔انہوں نے کہا کہ صارفین کے ساتھ رویہ بہتر بنائیں اور ان کی شکایات کو تحمل مزاجی سے سنیں اور ان کے ازالے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے شکایت سنٹر میں ایک صارف کی جانب سے کمپلینٹ درج کرواتے وقت فراہم کئے گئے موبائل نمبر پر رابطہ کیا اور صارف سے شکایات کے اندراج، ملازمین کے رویے اور ازالہ کے وقت کے بارے میں معلومات لیں جس پر صارف نے کہا کہ عملہ کا رویہ بہتر ہے اور شکایت کا بروقت ازالہ ہو گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دفتری اوقات کی پابندی سب پر لازم ہے۔ان اوقات کی پابندی نہ کرنے والے ملازمین کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی کی جائے گی۔سپریٹنڈنگ انجینئر محمد اکرم بھٹی نے ساڑھے آٹھ بجے صبح سب ڈویژن میں جا کر ملازمین کی حاضری چیک کی اور ریکوری کی صورتحال اور سیفٹی آلات کا بھی جائزہ لیا۔

# ملتان سرکل میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور مہم جاری

## بجلی چوروں کو 10 کروڑ روپے سے زائد جرمانہ عائد، 8 کروڑ روپے وصول کر لیا گیا

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) سرکل ملتان نے رواں مالی سال 17-2016ء کے دوران 11 ہزار 759 بجلی چوروں کو 10 کروڑ 28 لاکھ 29 ہزار روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا ہے اور عائد کی گئی جرمانے کی رقم میں سے 7 کروڑ 99 لاکھ 40 ہزار روپے سے زائد کی رقم وصول کر کے محکمہ کے خزانے میں جمع کرائی ہے۔جولائی تا نومبر 2016ء میں 11 ہزار 192 گھریلو صارفین کو 6 کروڑ 79 لاکھ 50 ہزار روپے، 459 کمرشل صارفین کو 69 لاکھ 46 ہزار روپے، 65 صنعتی صارفین کو 2 کروڑ 13 لاکھ 22 ہزار روپے، 36 ٹیوب ویل صارفین کو 40 لاکھ 89 ہزار روپے اور 7 دیگر صارفین کو 25 لاکھ 21 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین کی ہدایت پر بجلی چوروں کے خلاف بلاامتیاز کاروائی کی جارہی ہے۔سرکل، ڈویژنل اور سب ڈویژنل ٹیموں نے میپکو کینٹ ڈویژن میں 2012 بجلی چوروں کو ایک کروڑ 41 لاکھ 37 ہزار روپے، ممتاز آباد ڈویژن میں 1073 بجلی چوروں کو 86 لاکھ 53 ہزار روپے، موسیٰ پاک ڈویژن میں 3056 بجلی چوروں کو 2 کروڑ 29 لاکھ 72 ہزار روپے، سٹی ڈویژن میں 1181 صارفین کو بجلی چوری کرنے پر ایک کروڑ 13 لاکھ 81 ہزار روپے، شجاع آباد ڈویژن میں 2821 صارفین کو ایک کروڑ 47 لاکھ 10 ہزار روپے اور شاہ رکن عالم ڈویژن میں 1616 صارفین کو 2 کروڑ 92 لاکھ 38 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔

# میپکو لیگل ڈائریکٹوریٹ محدود وسائل کے ساتھ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے

**خالد مسعود خان**
**چیئرمین میپکو بی او ڈی**

## بورڈ آف ڈائریکٹرز کی لیگل کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

## چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مسعود صلاح الدین نے ڈائریکٹر لیگل اور ہیڈ کوارٹر کی سطح پر وکلاء کے پینل کی کارکردگی کو سراہا

## لیگل ڈائریکٹوریٹ کی شرح کامیابی کا کریڈٹ ڈائریکٹر لیگل کو جاتا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی لیگل کمیٹی کے چیئرمین خالد مسعود خان نے کہا ہے کہ مقدمات کی تیاری میں تمام قانونی پہلوؤں کو مدنظر رکھا جائے تاکہ کوئی قانونی سقم کا فائدہ نہ اٹھا سکے۔ میپکو لیگل ڈائریکٹوریٹ محدود وسائل کے ساتھ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ لیگل کمیٹی نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ بہترین کارکردگی پر ڈائریکٹر لیگل میپکو ملک امیر عباس سامٹیہ کو تعریفی لیٹر جاری کیا جائے۔ وہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی لیگل کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مسعود صلاح الدین نے ڈائریکٹر لیگل اور ہیڈ کوارٹر کی سطح پر وکلاء کے پینل کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ہم سرکل کی سطح پر بھی وکلاء سے ایسی ہی کارکردگی کی توقع رکھتے ہیں۔ انہوں نے 9 سرکلوں کے سپرینٹنڈنگ انجینئرز کو ہدایت کی کہ وہ مقدمات کی پیروی کے لئے وکلاء سے مسلسل رابطہ میں رہیں اور تسلی بخش کارکردگی نہ دکھانے والے وکلاء کی اطلاع فوراً لیگل ڈائریکٹوریٹ کو دی جائے۔ ڈائریکٹر لیگل میپکو ملک امیر عباس سامٹیہ نے کمیٹی کو لیگل ڈائریکٹوریٹ کی کارکردگی کی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ لیگل ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے مقدمات کی پیروی کے لئے قانونی مشاورت اور مسلسل رہنمائی کی بدولت میپکو کے خلاف ہیڈ کوارٹر کی سطح پر سپریم کورٹ، ہائی کورٹس، لیبر کورٹس اور پنجاب لیبر اپیلٹ ٹربیونل میں دفاع کئے جانے والے 90 فیصد سے زائد کیسز میں میپکو کو کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ نے کہا کہ لیگل ڈائریکٹوریٹ کی شرح کامیابی کا کریڈٹ ڈائریکٹر لیگل کو جاتا ہے جو پروفیشنل وکیل ہیں اور میپکو کے وکلاء کے ساتھ عدالتوں میں بھی پیش ہوتے رہے ہیں۔ اجلاس میں بورڈ ڈائریکٹرز خواجہ محمد اعظم، زاہد پرویز مڑل، میاں شاہد اقبال، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ اور کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری نے شرکت کی۔

# پروموشن / پوسٹنگ



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے ترقی پانے والے سپرینٹنڈنگ انجینئر محمد اکرم بھٹی کو مستقل بنیادوں پر سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل ملتان تعینات کر دیا ہے وہ اس سے قبل کرنٹ چارج بنیادوں پر فرائض سرانجام دے رہے تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے ترقی پانے والے سپرینٹنڈنگ انجینئر جام محمد ایوب کو مستقل بنیادوں پر سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل رحیم یار خان تعینات کر دیا ہے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے ترقی پانے والے سپرینٹنڈنگ انجینئر عمانوئیل سردار کو مستقل بنیادوں پر پراجیکٹ ڈائریکٹر گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) میپکو تعینات کر دیا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# توبہ و استغفار (قرآن حکیم کی روشنی میں)



خضر حیات (اسسٹنٹ)
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

’’پھر آدم (علیہ السّلام) نے اپنے پروردگار سے کچھ کلمات سیکھے (اور معافی مانگی) تو اُس نے اُن کا قصور معاف کر دیا۔ بے شک وہ معاف کرنے والا (اور) صاحب رحم ہے۔‘‘ (البقرۃ۔۳۷)

’’کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔‘‘ (البقرۃ۔۲۲۲)

’’اور جو شخص گناہ کے بعد توبہ کرے اور نیکوکار ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اُس کو معاف کر دے گا کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔‘‘ (المائدہ۔۳۹)

’’اور جب تمہارے پاس ایسے لوگ آیا کریں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو (اُن سے) سلام کہا کرو، اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات (پاک) پر رحمت کو لازم کر لیا ہے۔ کہ جو کوئی تم میں سے نادانی سے کوئی بُری حرکت کر بیٹھے پھر اُس کے بعد توبہ کرے اور نیکوکار ہو جائے تو وہ بخشنے والا مہربان ہے۔‘‘ (الانعام۔۵۴)

’’اللہ تعالیٰ اُنہی لوگوں کی توبہ قبول فرماتا ہے جو نادانی سے بُری حرکت کر بیٹھتے ہیں پھر جلد توبہ کر لیتے ہیں پس ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ مہربانی کرتا ہے۔ اور وہ سب کچھ جانتا (اور) حکمت والا ہے۔‘‘ (النساء۔۱۷)

’’اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو (ساری عمر) بُرے کام کرتے ہیں، یہاں تک کہ جب اُن میں سے کسی کی موت آموجود ہو تو اُس وقت کہنے لگے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ اُن کی (توبہ قبول ہوتی ہے) جو کفر کی حالت میں مریں۔ ایسے لوگوں کیلئے ہم نے عذاب الیم تیار کر رکھا ہے۔‘‘ (النساء۔۱۸)

’’اور جنہوں نے بُرے کام کئے پھر اُس کے بعد توبہ کر لی اور ایمان لے آئے تو کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار اس کے بعد (بخش دے گا کہ وہ) بخشنے والا مہربان ہے۔‘‘ (الاعراف۔۱۵۳)

’’کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ کہ اللہ تعالیٰ ہی اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا اور صدقات (وخیرات) لیتا ہے۔ اور بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔‘‘ (توبہ۔۱۰۴)

’’پھر جن لوگوں نے نادانی سے بُرا کام کیا۔ پھر اس کے بعد توبہ کی اور نیکوکار ہو گئے تو تمہارا پروردگار (اُن کو) توبہ کرنے اور نیکوکار ہو جانے کے بعد بخشنے والا (اور اُن پر) رحمت کرنے والا ہے۔‘‘ (النحل۔۱۱۹)

’’اور جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور عمل نیک کرے پھر سیدھے راستے چلے اُس کو میں بخش دینے والا ہوں۔‘‘ (طٰہ۔۱۹)

’’پس جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ کہ سِوا کوئی معبود نہیں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کیلئے بھی اور اللہ تعالیٰ تم لوگوں کے چلنے پھرنے اور ٹھہرنے سے واقف ہے۔‘‘ (محمدؐ۔۱۹)

’’مومنو اللہ تعالیٰ کے آگے صاف دل سے توبہ کرو اُمید ہے کہ وہ تمہارے گناہ تم سے دور کر دے گا اور تم کو باغ بہشت میں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں داخل کرے گا اُس دن اللہ پیغمبر کو اور اُن کو جو اُن کے ساتھ ایمان لائے ہیں رُسوا نہیں کریگا (بلکہ) اُن کا نور (ایمان) اُن کے آگے اور داہنی طرف (روشنی کرتا ہوا) چل رہا ہوگا اور وہ اللہ سے التجا کریں گے اے پروردگار ہمارا نور ہمارے لئے پورا کر اور ہمیں معاف فرما، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔‘‘ (التحریم۔۸)

’’تُو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرو اور اُس سے مغفرت مانگو بے شک وہ معاف کرنے والا ہے۔‘‘ (النصر۔۳)

**ان آیات کے علاوہ تقریباً (٦٣) مرتبہ قرآن حکیم میں توبہ کا ذکر آیا ہے، اس سے توبہ کی اہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔**